31216 ـ کیا کافر کی نظر بد لگ سکتی ہے

سوال

کیا کافر کے لئے یہ ممکن ہے کہ وہ دوسروں کو نظر بد لگا سکے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں کافر کی نظر لگ سکتی ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ :

فرمان باری تعالی ہے :

" اور قریب ہے کہ کافر اپنی تیز نگاہوں سے آپ کو پھسلا نہ دیں جب کبھی قرآن سنتے ہیں۔۔۔" القلم /51

سدی کا کہنا ہے کہ تجھے اپنی آنکھوں سے تکلیف پہنچاتے ہیں – تفسیر البغوی :

اور ایسے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے عموم سے دلالت ہوتی ہے (العین حق) کہ نظر لگنا حق ہے اسے بخاری نے (5740) اور مسلم نے (2187) روایت کیا ہے ۔

واللہ اعلم .